ہفت روزہ
ندائے خلافت
لاہور
4 تا 10 اپریل 2002ء

☆ حمیت نام تھا جس کا...... (اداریہ)
☆ گناہوں کا گلیمر اور اللہ کی وارننگ (مکتوب شکاگو)
☆ ریاست پاکستان کی ناکامی کا ذمہ دار کون؟ (بحث ونظر)
☆ دہشت گرد کون؟ اسرائیل' امریکہ یا دونوں (حقیقتِ احوال)

عہد حاضر کی جاہلیت

موجودہ انسانی زندگی کی بنیادیں اور ضابطے جس اصل اور منبع سے ماخوذ ہیں اس کی رو سے اگر دیکھا جائے تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ آج ساری دنیا ''جاہلیت'' میں ڈوبی ہوئی ہے' اور ''جاہلیت'' بھی اس رنگ ڈھنگ کی ہے کہ یہ حیرت انگیز مادی سہولتیں اور آسائشیں اور بلند پایہ ایجادات بھی اس کی قباحتوں کو کم یا ہلکا نہیں کر سکتیں۔ اس جاہلیت کا قصر جس بنیاد پر قائم ہے' وہ ہے اس زمین پر اللہ تعالیٰ کے اقتدار اعلیٰ پر دست درازی اور حاکمیت الٰہی سے بغاوت۔ چنانچہ اس جاہلیت نے حاکمیت کی باگ ڈور انسان کے ہاتھ میں دے رکھی ہے اور بعض انسانوں کو بعض دوسرے انسانوں کے لئے ارباب من دون اللہ کا مقام دے رکھا ہے۔ اس سیدھی سادی اور ابتدائی صورت میں نہیں جس سے قدیم جاہلیت آشنا تھی بلکہ اس طنطنے اور دعوے کے ساتھ کہ انسانوں کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ خود افکار واقدار کی تخلیق کریں' شرائع وقوانین وضع کریں اور زندگی کے مختلف پہلوؤں کے لئے جو چاہیں نظام تجویز کریں اور اس سلسلہ میں انہیں یہ معلوم کرنے کی قطعاً کوئی ضرورت نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسانی زندگی کے لئے کیا نظام اور لائحہ عمل تجویز کیا ہے' کیا ہدایت نازل کی ہے اور کس صورت میں نازل کی ہے۔

اس باغیانہ انسانی اقتدار اور بے لگام تصور حاکمیت کا نتیجہ یہ نکل رہا ہے کہ اللہ کی مخلوق ظلم و جارحیت کی چکی میں پس رہی ہے۔ چنانچہ اشتراکی نظاموں کے زیر سایہ انسانیت کی جو تذلیل ہو رہی ہے' یا سرمایہ دارانہ نظاموں کے دائرے میں سرمایہ پرستی اور ہوس ملک گیری کے عفریت نے افراد واقوام پر ظلم وستم کے جو پہاڑ توڑ رکھے ہیں وہ دراصل اسی بغاوت کا ایک شاخسانہ ہے' جو زمین پر اللہ تعالیٰ کے اقتدار کے مقابلے میں دکھائی جا رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو جو تکریم اور شرف عطا کیا ہے انسان اسے آج خود اپنے ہاتھوں پامال کر کے نتائج بد سے دوچار ہے۔

(سید قطب شہید کی کتاب ''معالم فی الطریق'' کے اردو ترجمہ ''جادہ ومنزل'' سے ایک اقتباس)

الھدیٰ | سورۃ البقرہ (۶۱) | ڈاکٹر اسرار احمد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰٓی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ ۝ وَقَالَ الَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ لَوْلَا یُکَلِّمُنَا اللّٰہُ اَوْ تَاْتِیْنَآ اٰیَۃٌ ؕ کَذٰلِکَ قَالَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ مِّثْلَ قَوْلِھِمْ ؕ تَشَابَھَتْ قُلُوْبُھُمْ ؕ قَدْ بَیَّنَّا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یُّوْقِنُوْنَ ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ بِالْحَقِّ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا ۙ وَّلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِیْمِ ۝﴾ (آیات: ۱۱۷ تا ۱۱۹)

''وہ آسمانوں اور زمین کو عدم محض سے وجود میں لانے والا ہے' اور جب وہ کسی شے (کو بنانے) کا فیصلہ کرتا ہے تو اس کے لئے کہتا ہے: ہو جا' تو وہ ہو جاتی ہے۔ اور جو لوگ علم نہیں رکھتے' وہ کہتے ہیں کہ اللہ ہم سے کلام کیوں نہیں کرتا یا پھر ہمارے پاس کوئی بڑی نشانی آئے' اسی طرح کی باتیں ان لوگوں نے کی تھیں جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں' ان کے دل باہم مشابہ ہو گئے ہیں' ہم نے اپنی آیات کو اس گروہ کے لئے خوب اچھی طرح واضح کر دیا ہے جو یقین (کی طلب) رکھنے والا ہے۔ (اے نبیؐ!) ہم نے آپؐ کو حق کے ساتھ بشیر اور نذیر بنا کر بھیجا ہے اور اہل دوزخ کے بارے میں آپؐ سے کچھ نہیں پوچھا جائے گا۔''

کوئی چیز اگر عدم محض سے وجود میں لائی جائے تو اسے ابداع کہتے ہیں جبکہ کسی ایک شے سے کوئی دوسرے شے بنانا خلق کہلاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں صفات کا بتمام وکمال حامل ہے۔ جب کچھ بھی موجود نہ تھا تو اس نے کائنات کو پیدا فرمایا۔ یہ عمل اس کے بدیع ہونے کا مظہر ہے۔ پھر مٹی سے انسان اور آگ سے جن تخلیق کئے گئے جو کہ اس کی خلاّقیت کی دلیل ہیں۔ چنانچہ فرمایا گیا کہ اللہ تعالیٰ جب کسی شے کو وجود میں لانے کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے محض ایک لفظ ''کُـــن'' کہنے سے وہ چیز آن واحد میں ظہور میں آ جاتی ہے۔

وحی کی حقیقت سے بے بہرہ لوگ یہ اعتراض کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ انسانوں سے صرف اپنے انبیاء ہی کے ذریعے کیوں مخاطب ہوتا ہے' ان سے براہ راست کلام کیوں نہیں کرتا۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ اگر اللہ تعالیٰ کو اپنے کسی حکم کی تنفیذ مقصود ہے تو وہ بلاواسطہ ہماری راہنمائی کرے' یا پھر کوئی خاص معجزہ رونما ہونا چاہئے جسے ہم اس کی نشانی کے طور پر قبول کر سکیں۔ ان باتوں کے جواب میں فرمایا گیا کہ یہ سب کچھ پہلے انبیاء کی امتیں بھی کہتی رہی ہیں۔ کفر والحاد کے پیروکار بملتِ واحدہ کی صورت ہیں اور حق کی تکذیب کے لئے انہوں نے ہر دور میں اسی طرح کا طرز عمل اختیار کیا ہے۔ جو لوگ واقعی ایمان اور یقین کے متلاشی ہوں' وہ کسی قسم کے ابہام کا شکار نہیں ہوتے' اللہ تعالیٰ انہیں اپنے خاص فضل وکرم سے اپنی آیات کا فہم پوری صراحت اور وضاحت کے ساتھ عطا فرما دیتے ہیں۔

زیر درس آخری آیت میں دعوت وتبلیغ کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کی ذمہ داری کا تعین کیا گیا ہے۔ یہ واضح کر دیا گیا کہ آپؐ کا کام حق وصداقت کا راستہ اختیار کرنے والوں کو جنت کی بشارت دینا جبکہ کفر پر اڑے رہنے والوں کو جہنم سے خبردار کرنا ہے۔ اگر حضرت محمد ﷺ کی دعوت کے باوجود ابوجہل اور ابولہب کی قبیل کے لوگ ایمان نہیں لائے تو اس ضمن میں آپؐ قطعاً مسئول نہیں ہیں۔ یہ کسی بھی شخص کا اختیاری عمل ہے کہ وہ اپنے لئے نیکی یا بدی میں سے کون سی راہ منتخب کرتا ہے اور اپنے اسی فیصلے کے مطابق وہ آخرت میں جزا وسزا کا مستحق قرار پائے گا۔ احکام الٰہی کی خلاف ورزی کرنے اور اپنے غلط اعمال کی پاداش میں دوزخ کا ایندھن بننے والوں کے لئے اللہ کے آخری نبیؐ کو کسی طور بھی جواب دہ نہیں ٹھہرایا جا سکتا!

☆ ☆ ☆

فرمانِ نبوی | مقروض سے ہدیہ وغیرہ لینا | چوہدری رحمت اللہ بٹر

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَقْرَضَ اَحَدُکُمْ قَرْضًا فَاَھْدٰی لَہٗ اَوْ حَمَلَہٗ عَلَی الدَّابَّۃِ فَلَا یَرْکَبْھَا وَلَا یَقْبَلْہُ اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ جَرٰی بَیْنَہٗ وَبَیْنَہٗ قَبْلَ ذٰلِکَ (رواہ ابن ماجہ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی آدمی کسی کو قرض دے تو اگر وہ مقروض آدمی قرض دینے والے کو کوئی چیز ہدیہ دے یا سواری کے لئے اپنا جانور پیش کرے تو چاہئے کہ وہ ہدیہ قبول نہ کرے اور سواری کو استعمال میں نہ لائے الا یہ کہ ان دونوں کے درمیان پہلے سے اس طرح کا تعلق یا معاملہ ہوتا رہا ہے۔

یہ ہے وہ محتاط طرز عمل جس کی طرف اللہ کے رسول ﷺ نے رہنمائی فرمائی ہے' کہ اگر کوئی مقروض شخص قرض دینے والے کو کوئی ہدیہ پیش کرے تو وہ اسے قبول نہ کرے' اس لئے کہ ایسے معاملے میں سود کا شائبہ پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ جبکہ سود اتنا بڑا گناہ ہے کہ اس کے شائبہ سے بھی بچنا لازم ہے۔ اس گناہ پر تو اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے جنگ کی وعید ہے۔ ہم بعض مالی معاملات کی ان صورتوں کو جو سود کی حرمت سے پہلے جائز تھیں صرف اس لئے جائز ٹھہرائے ہوئے ہیں کہ ان کا ذکر احادیث میں ہے اور یہ نہیں سوچتے کہ سود ۹ھ میں حرام ہوا ہے جبکہ ان معاملات کے بارے میں ذکر پہلے دور سے متعلق ہے۔ غور کرنا چاہئے کہ مزارعت اور لگان پر زمین حاصل کرنا بھی کچھ اس نوع کا معاملہ نہیں ہے!

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اداریہ

حافظ عاکف سعید

حمیت نام تھا جس کا......

گزشتہ دنوں امریکی تحقیقاتی ادارے ایف بی آئی کی سربراہی میں امریکی کمانڈوز کی مدد سے فیصل آباد میں ''مبینہ دہشت گردوں'' کے ٹھکانوں پر چھاپہ مار آپریشن کا واقعہ ہماری غیرت ملی وقومی کے لئے ایک تازیانے سے کم نہیں۔ دینی وقومی ہر دو لحاظ سے بے غیرتی و بے حمیتی کے اس افسوسناک مظاہرہ کے حوالے سے ہمارے حکمرانوں کا منافقانہ طرزِ عمل اس معاملے کی شدت وحدت میں بے پناہ اضافے کا موجب بنا۔ اِدھر کارپردازانِ حکومت زبان وبیان کی جملہ صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر اس واقعے میں امریکی ایجنسیوں کی شرکت کی پرزور تردید کر رہے ہیں' اُدھر امریکی سنٹرل کمانڈ کے چیف جنرل ٹومی فرینک نے صاف لفظوں میں یہ بیان دے کر ہمارے سرکاری اہلکاروں اور وزراء کی غلط بیانیوں کو طشت از بام کرتے ہوئے ان کی تمام منافقانہ مساعی پر پانی پھیر دیا کہ ''پاکستان کے مختلف شہروں میں پاکستانی اور امریکی ٹیموں نے مل کر چھاپے مارے''۔

صدر پرویز مشرف کے ناقدین بھی ان کی ہزار خامیوں کی نشاندہی کے ساتھ ساتھ ان کے اس وصف کا اعتراف کرتے ہیں کہ وہ ایک صاف گو آدمی ہیں۔ صدر پاکستان کا یہ اعتراف کہ ہمیں اپنی اقتصادی بدحالی کے ہاتھوں مجبور ہو کر آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کے وفد کے ارکان کی خوشامدیں کرنا پڑتی ہیں' ان کی صاف گوئی کا غماز تھا لیکن ''ہر کہ در کانِ نمک رفت نمک شد'' کے مصداق ان کی حکومت بھی کوچہ سیاست کے اثراتِ بد سے محفوظ نہیں رہ سکی اور اب اس حکومت کا نقشہ بھی کم وبیش وہی ہے کہ ع ''طریق کوہکن میں بھی وہی حیلے ہیں پرویزی!'' —— حقائق کی پردہ پوشی' اقتصادی حوالے سے بے سروپا اعداد وشمار کے ذریعے قوم کو ''سب اچھا'' کی نوید سنانا لیکن دوسری طرف عوام کو معاشی ریلیف دینے کی بجائے بجلی اور گیس کے نرخوں میں مسلسل اضافہ کر کے عوام الناس کے لئے قافیہ حیات کو تنگ سے تنگ تر کئے جانا (یہاں تک کہ ادویات پر بھی ٹیکس لگا کر انہیں عوام کی قوت خرید سے باہر کر دینا) موجودہ حکومت کا شعار بن چکا ہے —— لیکن ہمارے نقطہ نگاہ سے سب سے زیادہ تشویشناک بات قیام پاکستان کے مقاصد اور اسلام کی واضح تعلیمات سے مسلسل گریز وانحراف اور اسلام دشمن طاقتوں کی ہمنوائی اور ان کے ساتھ غیر معمولی تعاون کی روش ہے جو پاکستان کی بقا اور سالمیت کے حوالے سے انتہائی مہلک نتائج کی حامل ہے۔

ہم صدر پرویز مشرف کو یاد دلانا چاہتے ہیں کہ وہ لاطینی امریکہ کے کسی پسماندہ ملک کے نہیں' اسلامی جمہوریہ پاکستان کے صدر ہیں۔ وہ محض ایک پاکستانی مسلمان نہیں' عالمی ملت اسلامیہ کے ایک فرد ہیں —— افغانستان اور پاکستان میں مقیم مسلمان عرب باشندوں پر ''القاعدہ'' کا خود ساختہ لیبل لگا کر انہیں بلاتحقیق امریکی خونخوار درندوں کے حوالے کر دینا کہاں کا اسلام اور کہاں کا انصاف ہے؟ نبی آخر الزمان ﷺ کے امتی ہونے کے ناطے آنحضور ﷺ کا یہ فرمان ہم آپ کو یاد دلانا چاہتے ہیں کہ ''تمام مسلمان (خواہ ان کا تعلق کسی بھی قوم اور کسی بھی زبان ونسل سے ہو) آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ ایک مسلمان دوسرے مسلمان پر نہ تو ظلم کرتا ہے' نہ اسے بے یار ومددگار چھوڑتا ہے اور نہ اسے دشمنوں کے حوالے کرتا ہے''۔

پاکستان کی اعلیٰ عدالتیں اور وفاقی شرعی عدالت آخر کس مرض کی دوا ہیں؟ ان عرب مسلمانوں پر اگر کوئی الزام ہے تو آپ پاکستانی عدالتوں میں ان کے مقدمات کا تصفیہ کیوں نہیں کراتے؟ ان کے جرائم کی دینی وشرعی حوالے سے نوعیت کے تعین کے لئے وفاقی شرعی عدالت سے مدد کیوں نہیں لیتے؟ اس سے پہلے کہ یہ سوالات آپ سے عدالت الٰہی کے کٹہرے میں کئے جائیں اور آپ کا انجام بھی فرعونِ وقت یعنی بش اور اس کے حلیفوں کے ساتھ ہو' ابھی موقع ہے کہ آپ اپنا قبلہ درست کریں۔ ہم متحدہ مجلس عمل کے اس مطالبے کی تائید کرتے ہیں کہ آپ پاکستان سے امریکی اڈے فی الفور ختم کریں اور امریکی سحر سے نکل کر اللہ کا دامن تھامیں۔ کیا ہی اچھا ہو کہ آپ ایک حقیقی سالارِ قوم کا کردار ادا کرتے ہوئے قوم کو اس کی اصل منزل یعنی قیام نظام خلافت سے ہمکنار کرنے کیلئے سرگرم عمل ہو جائیں اور اپنے تمام ذاتی مفادات کو بالائے طاق رکھتے اور ہر نوع کے دباؤ کا مردانہ وار مقابلہ کرتے ہوئے اس کام کے تقاضوں کی ادائیگی کیلئے کمربستہ ہو جائیں۔ تبھی اللہ کی نصرت ہمارے شامل حال ہوگی۔ اور اس فرمانِ الٰہی کے حق ہونے میں اگر کسی کو شک ہے کہ تو وہ اپنے ایمان کی خیر منائے کہ: ''اگر اللہ تمہاری مدد کرنے لگے تو (دنیا کی) کوئی طاقت تم پر غالب نہیں آسکتی اور اگر (تمہاری بداعمالیوں کے سبب) اللہ تمہیں بے سہارا چھوڑ دے تو اس کے بعد کون سی طاقت ایسی ہے جو تمہاری مدد کر سکے!!'' (القرآن)

تا خلافت کی بنا دنیا میں ہو پھر استوار
لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب وجگر

تحریک خلافت پاکستان کا نقیب

ہفت روزہ لاہور

ندائے خلافت

جلد 11 شمارہ 13

4 تا 10 اپریل 2002ء

(۲۰ تا ۲۶ محرام الحرام ۱۴۲۳ھ)

بانی : اقتدار احمد مرحوم

مدیر : حافظ عاکف سعید

نائب مدیر: فرقان دانش خراسانی

معاونین: مرزا ایوب بیگ ' سردار اعوان
محمد یونس جنجوعہ

نگران طباعت : شیخ رحیم الدین

پبلشر: اسعد احمد مختار ' طابع: رشید احمد چوہدری
مطبع: مکتبہ جدید پریس ریلوے روڈ' لاہور
مقام اشاعت: 36۔کے ماڈل ٹاؤن لاہور
فون: 03-5869501 فیکس: 5834000
E-Mail:anjuman@tanzeem.org
Website:www.tanzeem.org

قیمت فی شمارہ : 5 روپے

سالانہ زرتعاون :

اندرون ملک......250 روپے

بیرون پاکستان:

☆یورپ' ایشیا' افریقہ وغیرہ
1500 روپے

☆امریکہ' کینیڈا' آسٹریلیا وغیرہ
2200 روپے

آخری قسط

ریاست پاکستان کی ناکامی کا ذمہ دار کون؟

بیسویں صدی کے آغاز ہی سے انگریز حکمرانوں نے ہندوستان میں سلسلہ وار سیاسی آزادی دینا شروع کر دی تھی۔ ۱۹۳۵ء کے ایکٹ کے تحت انتخابات منعقد کروا کر عوام کو امور مملکت میں شرکت کا موقع فراہم کیا گیا لیکن سول بیوروکریسی کے ذریعے انگریز نے حکومت پر اپنی گرفت قائم رکھی۔ انگریز نے اپنے ملک میں قومی سطح سے لے کر کاؤنٹی کی سطح تک جمہوری نظام قائم کر کے اقتدار کو گراس روٹ لیول تک منتقل کیا اور ہر سطح پر سرکاری ملازمین کو ان حکومتوں کے ماتحت کیا تاکہ عوامی نمائندگی کا حق ادا ہو سکے اور افسر شاہی بے لگام ہونے کی بجائے صحیح معنوں میں قوم کی خادم بنے۔ لیکن عیار انگریز نے ہندوستان میں اس کے برعکس بیوروکریٹس کو مادر پدر آزادی دے دی اور عوام کو بیوروکریٹس کے ذریعے کنٹرول کیا گیا۔ بیوروکریٹس کی تربیت اس انداز میں کی جاتی تھی کہ وہ حاکم ہیں اور ان کا کام عوام پر حکومت کرنا ہے۔ انتہائی بدقسمتی یہ ہے کہ آزادی کے بعد اس انداز میں کوئی تبدیلی نہ لائی گئی بلکہ سفید حکمرانوں کی جگہ کالے حکمرانوں نے لے لی۔ اس کی ایک وجہ اگرچہ یہ تھی کہ افسران کو اقتدار کی چاٹ پڑ چکی تھی اور انہوں نے ایسے ہتھکنڈے اختیار کئے جس سے سیاسی اور فوجی دونوں طرح کی حکومتیں ان پر انحصار کرتی تھیں لیکن اصل وجہ یہ تھی کہ ہماری فوجی حکومتیں ہی نہیں' سیاسی اور سول حکومتیں بھی عوام میں جڑیں نہیں رکھتی تھیں۔ یوں وہ ہر وقت خائف رہتی تھیں کہ کسی وقت بھی ان کا اقتدار جاتا رہے گا۔ لہٰذا آج بھی وہ اپنے اقتدار کو قائم رکھنے اور اسے طول دینے کے لئے اور اپنی کرسی کی مضبوطی کی خاطر بیوروکریسی سے ہر جائز و ناجائز کام کرواتے ہیں اور نتیجتاً ان کے محتاج ہو جاتے ہیں۔ بیوروکریٹس ایک دو ناجائز کام حکمرانوں کے کرتے ہیں اور دس ناجائز کام اپنے نکال لیتے ہیں جس سے دانش اور دولت ایک ہی طبقہ کے پاس جمع ہو گئی ہے۔ یہ ناجائز دولت اس دانش مندی سے استعمال کی گئی اور اب بھی کی جا رہی ہے کہ جس سے ایک ایسا نیٹ ورک وجود میں آ چکا ہے جو عوام کو اقتدار منتقل کرنے کے راستے میں پہاڑ بن کر حائل ہے۔ ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ جنرل مشرف نے اس پہاڑ سے ٹکرانے کی کوشش کی ہے لیکن وہ بھی بری طرح ناکام ہوتے نظر آتے ہیں۔ وجہ ایک مرتبہ پھر وہی ہے کہ جنرل صاحب بھی عوام کی تائید سے محروم ہیں لہٰذا بیوروکریٹس کے لئے انہیں ایکسپلائٹ کرنا کچھ مشکل نہیں ہو گا۔ آیئے اب ریاست پاکستان کی ناکامی کی ذمہ داری کے حوالے سے سول بیوروکریسی کے کردار پر ایک نگاہ ڈالیں!

پاکستان کو قائم ہوئے چار سال ہوئے تھے۔ ناظم الدین گورنر جنرل اور لیاقت علی خان وزیر اعظم تھے۔ لیاقت علی خان ایک جلسہ عام میں شہید کر دیئے گئے اور وزیر اعظم کی کرسی خالی ہو گئی۔ سیدھی بات یہ تھی کہ مسلم لیگ کی پارلیمانی پارٹی کسی ممبر اسمبلی کو ان کی جگہ وزیر اعظم بنا دیتی۔ لیکن عیار بیوروکریسی نے گورنر جنرل ناظم الدین کو زیادہ طاقتور ہونے کا لالچ دے کر شیشہ میں اتار لیا۔ انہیں بتایا گیا کہ گورنر جنرل کے پاس تو اتنے اختیارات نہیں ہوتے' کیوں نہ وزیر اعظم بن کر آپ زیادہ بااختیار ہو جائیں۔ ناظم الدین ان کے جھانسے میں آ گئے اور وزیر اعظم بن گئے۔ گورنر جنرل کا عہدہ خالی کرا کے بیوروکریسی نے اپنے نمائندے غلام محمد کے ذریعے اقتدار میں بالادستی حاصل کر لی۔ اگرچہ بحیثیت مجموعی وزیر اعظم کے اختیارات گورنر جنرل سے زیادہ ہوتے ہیں لیکن خواجہ صاحب یہ

مرزا ایوب بیگ

بھول گئے کہ گورنر جنرل کو اور کوئی اختیار ہو یا نہ ہو لیکن وزیر اعظم کو وہ بہر حال برطرف کر سکتا ہے۔ برطرفی کا آئینی یا غیر آئینی ہونا بعد کی بات ہے۔ قصہ مختصر' باقاعدہ منصوبہ بندی سے پہلے گورنر جنرل ہاؤس پر قبضہ کیا گیا اور پھر اختیارات کا کلی مالک بننے کے لئے کبھی وزیر اعظم برطرف کیا گیا اور کبھی پارلیمنٹ کا بستر ہی لپیٹ دیا گیا۔ یہ توڑ پھوڑ سول بیوروکریٹس (غلام محمد اور غلام اسحاق) اور ملٹری بیوروکریٹس (جنرل ضیاء' جنرل مشرف وغیرہ) دونوں نے کی۔

سول بیوروکریٹس نے مشرقی پاکستان کی علیحدگی میں بھی اہم رول ادا کیا۔ مغربی پاکستان کے بہت سے افسران کا مشرقی پاکستان میں اعلیٰ عہدوں پر تقرر ہوتا تھا۔ وہ حاکم بن کر جاتے اور بنگالی عوام سے غلاموں اور کمتر مخلوق کا سا سلوک کرتے' جس سے وہاں مغربی پاکستان کے خلاف شدید نفرت پیدا ہو گئی۔ ان افسران کے طرز عمل سے مشرقی پاکستان میں یہ کہا جانے لگا کہ آزاد تو صرف مغربی پاکستان والے ہوئے ہیں' ہم بنگالی تو انگریز کی غلامی سے نجات حاصل کر کے مغربی پاکستان والوں کے غلام ہو گئے ہیں لہٰذا ہمیں حقیقی آزادی کے لئے ایک بار پھر جدوجہد کرنا پڑے گی۔ ۱۹۶۵ء کی جنگ میں اگرچہ مغربی پاکستان کی سرحدوں سے بھارت کو دندان شکن جواب دیا گیا تھا لیکن مشرقی پاکستان کی جو سرحدیں بھارت سے ملتی تھیں ان پر سیکورٹی کے انتظامات نہ ہونے کے برابر تھے۔ یہ بھی بیوروکریسی کا کیا دھرا تھا جس سے وہاں یہ احساس پیدا ہوا کہ مغربی پاکستان والے ہمارے دفاع سے غافل ہیں۔ ہماری بیوروکریسی سیاسی جماعتوں کی ٹوٹ پھوٹ میں بھی اہم رول ادا کرتی رہی جس سے جمہوری نظام کو شدید نقصان پہنچا۔

بیرونی دنیا میں پاکستان کا امیج خراب کرنے میں ہماری بیوروکریسی کا بھی ہاتھ ہے۔ بیرون پاکستان ہمارے سفراء نے پاکستانی شہریوں کو کبھی تحفظ فراہم نہیں کیا۔ ۱۱ ستمبر کے بعد امریکہ میں سینکڑوں پاکستانیوں کو گرفتار کیا گیا' انہیں اذیتیں دی گئیں لیکن پاکستان کی سفیر نے کبھی تکلیف نہیں کی کہ امریکی حکومت سے رابطہ کر کے انہیں اس ناگہانی مصیبت سے نجات دلائیں۔ بیرون ملک رہنے والے پاکستانی شہریوں نے اپنے سفیروں کے بارے میں کبھی خیر کا کلمہ نہیں کہا۔ ان کے شکایات سے بھرے خطوط اکثر اخبارات میں شائع ہوتے رہتے ہیں جبکہ دوسرے ممالک کے سفیر نہ صرف اپنے ملک کے امیج کو بہتر سے بہتر بنانے کے لئے ہر وقت کوشاں رہتے ہیں بلکہ وہ یہ بھی اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں کہ اپنے ملک کے تاجروں کے لئے نئی منڈیاں تلاش کریں تاکہ ایکسپورٹ بڑھنے سے ان کے ملک کی معیشت بہتر ہو۔

پاکستان میں حکومت اور بیوروکریسی کا ایک ہی ٹارگٹ ہوتا ہے کہ کسی طرح کا کوئی قرضہ مل جائے۔ یہ کسی شرح سود پر مل جائے اور کیسی ہی شرائط پر مل جائے' منظور ہے کیونکہ اسی کے استعمال میں انہوں نے ہاتھ رنگنے ہوتے ہیں۔ ہمارے افسران دوسرے ممالک سے خریداری کرتے وقت کمیشن اور کک بیک وصول کرنے کے بڑے زبردست ماہر ہیں۔ انہیں اس بات کی قطعی طور پر پروا نہیں ہوتی کہ یہ کمیشن دے کر غیر ہمارے ملک کو کتنا لوٹیں گے۔ اپنے عوام پر دھونس جمانے والے یہ افسران دوسری اقوام خصوصاً مغرب اور امریکہ کے آگے بھیگی بلی بنے ہوتے ہیں۔ مغربی تہذیب سے ہمارے یہ افسران (الا ماشاء اللہ) انتہائی مرعوب ہیں اور ہمہ وقت ان کی نقالی میں فخر محسوس کرتے ہیں۔

سرکاری مراعات حاصل کرنے میں بھی ہماری بیوروکریسی دنیا بھر میں اول ہے۔ سرکاری امور کی انجام دہی کے لئے دی گئی گاڑیاں دن رات بیگمات کو شاپنگ کروانی رہتی

ہیں۔ بہر حال سول بیورو کریسی بھی ریاست پاکستان کی ناکامی میں برابر کی شریک ہے۔ اس کی ضرر رساں کارروائیاں اکثر ڈھکی چھپی اور پس پردہ ہوتی ہیں۔ سیاست داں، عدلیہ، فوج اور سول بیورو کریسی کسی نہ کسی انداز میں پاکستان میں قوت اور اختیار کے حامل رہے ہیں اور انہوں نے اپنی اس قوت کو ملکی مفاد میں استعمال کرنے کی بجائے ذاتی اقتدار اور دولت سمیٹنے کے لئے استعمال کیا جس سے پاکستان بحیثیت ریاست ناکام ہو چکا ہے یا ہوا چاہتا ہے۔

دینی اور مذہبی جماعتیں آج تک پاکستان میں اقتدار حاصل نہیں کر سکیں لہٰذا انہوں نے پاکستان کو براہ راست اور بلاواسطہ کوئی نقصان نہیں پہنچایا البتہ اسلام کے نام پر حاصل کئے جانے والے ملک میں وہ اپنا صحیح رول ادا کرنے میں بری طرح ناکام رہیں۔ اس نظریاتی ملک میں دینی جماعتوں کا اصل ہدف اسلام کو بحیثیت نظام نافذ کرنا ہونا چاہئے تھا اور اگرچہ زبانی طور پر ان جماعتوں کا یہی دعویٰ رہا ہے کہ وہ پاکستان میں اسلامی نظام قائم کرنے کی خواہاں ہیں لیکن اس مقصد کے لئے عملی طور پر انہوں نے جو طریقہ اختیار کیا اس سے اسلامی نظام کی منزل دور سے دور ہوتی جا رہی ہے۔ اقتدار کی رسہ کشی میں وہ عملی طور پر میدان میں اترے ہوئے ہیں۔ ہمیشہ انتخابات میں حصہ لیتے ہیں لیکن بار بار کی شکست سے کوئی سبق حاصل کرنے کو تیار نہیں۔ انتخابی سیاست میں حصہ لینے سے نہ صرف مذہبی جماعتوں کی باہمی کشیدگی میں اضافہ ہوا بلکہ تقریباً تمام بڑی جماعتوں کے اندر ٹوٹ پھوٹ کا عمل بھی شروع ہو گیا اور وہ کئی گروپس میں بٹ گئیں۔ پھر انتخابات جیتنے کے لئے ہر جماعت نے اپنا اسلام پیش کیا جس سے فرقہ واریت کو تقویت ملی۔ ان کے آپس میں دست و گریباں ہونے کی وجہ سے عوام میں شدید ردعمل پیدا ہوا اور کہا جانے لگا کہ مذہبی جماعتوں کا ہدف اسلام نہیں، اسلام آباد ہے۔ ان کے اس طرز عمل سے سیکولر قوتوں کی حوصلہ افزائی ہوئی۔ پاکستان کی تاریخ بتاتی ہے کہ اگرچہ مذہبی جماعتوں کو انتخابات میں ہزیمت اٹھانی پڑی ہے لیکن جب کبھی انہوں نے متحد ہو کر کوئی عوامی تحریک شروع کی تو عوام نے ان کا ساتھ دیا۔ لہٰذا مذہبی جماعتیں اگر انتخابات کی دلدل میں پھنسنے کی بجائے ایک پریشر گروپ قائم کرتیں جو کسی خاص شخصیت یا جماعت کے خلاف نہ ہوتا بلکہ اس اصولی موقف پر قائم ہوتا کہ یہ گروپ پاکستان میں حقیقی اسلام کا نفاذ چاہتا ہے اور اسے اقتدار حاصل کرنے میں قطعی طور پر دلچسپی نہیں تو اس موقف سے عوام میں اسلامی مذہبی جماعتوں کے بارے میں مثبت رائے قائم ہوتی اور وہ بھرپور طور پر ان کا ساتھ دیتے۔ لہٰذا ریاست پاکستان کو جو نقصان اسلامی فلاحی ریاست نہ بننے سے پہنچا، دینی جماعتیں بھی اس کی ذمہ دار ہیں۔ بہر حال جیسا کہ اس بحث کے آغاز میں واضح کر دیا گیا تھا، یہ فیصلہ قارئین کو خود کرنا ہوگا کہ ریاست پاکستان کی ناکامی میں کون کس قدر ذمہ دار ہے! (ختم شد)

امیر تنظیم اسلامی کی علالت

امیر تنظیم اسلامی، محترم ڈاکٹر اسرار احمد مدظلہ، گزشتہ کم و بیش ایک ماہ سے علیل ہیں۔ وقفے وقفے سے اٹھنے والی شدید کھانسی انہیں بے حال کئے دیتی ہے اور بسا اوقات نقاہت کے باعث غشی سی طاری ہو جاتی ہے۔ اسی علالت کے باعث گزشتہ تین جمعوں میں مسجد دارالسلام کے نمازی اور انٹرنیٹ کے ذریعے خطاب سننے والے سامعین امیر تنظیم کے خطاب سے محروم رہے۔

گزشتہ دو روز سے قدرے افاقہ ہے۔ رفقاء و احباب سے گزارش ہے کہ وہ امیر محترم کی صحت یابی کے لئے خصوصی دعا کریں۔

طالبان قرآن کے لئے خوشخبری

مرکزی انجمن خدام القرآن کے شعبہ سمع و بصر کی پیشکش

☆ محترم **ڈاکٹر اسرار احمد** کے ٹی وی پروگرام "**حقیقت دین**" کی آڈیو سی ڈی تیار کر لی گئی ہے جس میں حقیقت ایمان، نفاق، جہاد اور منہج انقلاب نبوی جیسے اہم موضوعات پر تمام لیکچرز بمعہ سوال و جواب شامل کئے گئے ہیں، (MP-3)

☆ **1994**ء میں امریکہ میں محترم ڈاکٹر اسرار احمد کا بزبانِ انگریزی بیان کردہ

"مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب"

اب دو آڈیو سی ڈیز میں دستیاب ہے۔ تقریباً **80** گھنٹوں پر مشتمل (MP-3)

قیمت فی سی ڈی : 60 روپے

ملنے کا پتہ: **مکتبہ مرکزی انجمن خدام القران لاہور**

36۔ کے، ماڈل ٹاؤن لاہور فون: 03-5869501 فیکس: 5834000

بھارتی گجرات: تحقیقاتی کمیشنوں کی کہانی!

۱۹۶۹ء: گجرات میں خونریز ہندو مسلم فسادات ہوئے۔ ریاستی سرکار نے جسٹس جے ایم ریڈی کی سربراہی میں ایک تحقیقاتی کمیشن قائم کیا۔ اس نے چار سال بعد جو اقدامات تجویز کئے تھے ان پر آج تک عمل درآمد نہیں ہوا۔

۱۹۸۵ء: مسلم کش فسادات کے نتیجے میں جسٹس وی ایس دیو کمیشن قائم ہوا۔ رپورٹ آئی مگر نتیجہ وہی ڈھاک کے تین پات۔

۱۹۹۲ء: بابری مسجد منہدم کئے جانے پر گجرات فسادات کی زد میں رہا۔ جسٹس آئی سی بھٹ کی سربراہی میں قائم تحقیقاتی کمیشن کی بساط لپیٹ کر ۱۹۹۴ء میں وزیر اعظم چوہان کی سربراہی میں کمیشن قائم کیا گیا۔ رپورٹ تیار تھی مگر اسے پیش کرنے سے پہلے کمیشن ہی ختم کر دیا گیا۔

۲۰۰۲ء: حالیہ فسادات کے بارے میں رپورٹ کی تیاری کا کام جسٹس کے جی شاہ کمیشن کے سپرد کیا گیا ہے۔ ع

"دیکھئے کیا گزرے ہے قطرہ پہ گوہر ہونے تک"

(Radiance Views Weekly,17-23 Mar,2002)

گناہوں کا گلیمر اور اللہ کی وارننگ

رعنا ہاشم خان

بھارت کا صوبہ گجرات کاٹن انڈسٹری میں ساتویں اور آبادی کے لحاظ سے دسویں نمبر پر ہے اور اس کا دارالحکومت احمد آباد تمام دنیا میں بسنت کے حوالے سے مشہور ہے۔ وہاں گزشتہ برس ۲۶ جنوری کو آنے والے زلزلے کی شدت ریکٹر سکیل پر 6.9 تھی اور مرنے والوں کی صحیح تعداد آج تک نہیں بتائی جا سکی۔ گجرات کا زلزلہ نہ صرف اللہ تعالیٰ کی عظیم قدرت کا مظہر تھا بلکہ انسانوں کو اللہ کی طرف رجوع کرنے اور ظلم و ستم' بے انصافی' بے حیائی اور شرک کو مشترکہ جدوجہد سے دور کرنے کا پیغام بھی! مشرقی ایشیا کے اکنامک ٹائیگر تائیوان میں حالیہ ۳۱ مارچ کو آنے والے خوفناک زلزلے کی شدت 6.8 ریکارڈ کی گئی۔ تائیوان نے نہ صرف فیشن شوز کے حوالے سے بنکاک' لندن' پیرس اور نیویارک کے شانے سے شانہ ملا رکھا ہے بلکہ دنیا بھر میں فیشن کے لئے وقف ٹی وی چینل Ftv یہاں سب سے زیادہ دیکھا جانے والا چینل ہے۔ اس سال مارچ ہی میں افغانستان کے قصبے نہرین میں زلزلے کے ہاتھوں ۵۰۰۰ سے زیادہ افراد لقمۂ اجل بن گئے۔ اس کے علاوہ چند برس پہلے ترکی میں زلزلے کی بدولت ہونے والی تباہی اب تک ذہنوں سے محو نہیں ہوئی جس کے نتیجے میں ہزاروں اموات ہوئیں' سینکڑوں املاک تباہ ہو گئیں' لوگ پناہ گزین کیمپوں میں پناہ لینے پر مجبور ہو گئے' خاندان بچھڑ گئے اور آزادی پر خوف' امیری پر غریبی اور زندگی پر موت غالب آ گئی تھی۔

آج کے مادہ پرستانہ دور میں ہر چیز ''آزادی'' کے نام پر قربان کی جا رہی ہے اور مشرق سے مغرب تک اخلاقی اقدار کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں۔ اعلیٰ اخلاقی قدریں شیطانی کام سمجھی جا رہی ہیں اور گناہوں کو گلیمر اور گلز کا لبادہ پہنایا جا رہا ہے اور ٹچ آف کلاس کہہ کر متعارف کرایا جا رہا ہے تاکہ معاشرہ ان کو ہنسی خوشی قبول کر لے۔ ایمانداری' سچائی' تقویٰ' دیانت اور اللہ کا خوف کم یاب جبکہ بے حیائی' بے پردگی' ہم جنسیت' جوا' دھوکہ دہی' سودی کاروبار بے حدو حساب دستیاب ہیں۔ اب ذرا ٹچ آف کلاس کو پرے ہٹا کر اور اس کی گیلن گلز اور منوں گلیمر سے باہر تشریف لا کر غور کیجئے کہ زلزلے اپنے پیچھے کیا چھوڑ جاتے ہیں——زمین بوس عمارتیں' لاشوں کے انبار اور پناہ کی تلاش میں دوڑتے بھاگتے ایسے لوگ جو صرف اپنے بچاؤ کے لئے دوڑ رہے ہوتے ہیں۔ یہی حالت قیامت کے دن ہو گی جب ہر کوئی صرف اپنے لئے پناہ کی تلاش میں ہو گا۔ اس عظیم زلزلے کے دن کے لئے قرآن مجید میں فرمایا گیا:

''اس روز آدمی اپنے بھائی اور اپنی ماں اور اپنے باپ اور اپنی بیوی اور اپنی اولاد سے بھاگے گا۔'' (عبس: ۳۴ تا ۳۶)

جبکہ دنیا میں انہی رشتوں کی خوشی کے لئے ہر ناجائز کو جائز کر لیا جاتا ہے۔ نہ صرف حالیہ زلزلے بلکہ تمام زلزلے اللہ کی وارننگ ہیں۔ یہ وارننگ صرف ان ممالک کے لوگوں کے لئے نہیں ہے جہاں یہ آئے ہیں بلکہ تمام مسلمانوں کے لئے ہے کہ شائد اس طرح وہ مکمل طور پر اپنے اللہ اور اس کے دین کی طرف رجوع کر لیں۔ اب ہم خود ہی ٹھنڈے دل و دماغ کے ساتھ اپنا تجزیہ کر لیں کہ ان زلزلوں اور گیارہ ستمبر کے بعد سے لے کر اب تک یہود و ہنود و نصاریٰ کے نرغوں نے ہم پر اور ہماری معاشرت پر کتنے اثرات مرتب کئے ہیں اور کیا واقعی ہمارے دل اللہ کے خوف سے کانپے ہیں——یا اب بھی ہم وہی میوزک' پارٹیز' فیشن اور غیبت سے بھرپور طرزِ زندگی اپنائے ہوئے ہیں! یقیناً ہم میں سے خوش نصیب ہیں وہ جنہوں نے دوسروں کی تکالیف سے سبق حاصل کر کے اپنے آپ کو درست سمت میں موڑ لیا۔ اور اگر اب بھی ہمیں کہیں کوئی تبدیلی نظر نہیں آتی' دل سپاٹ چٹیل میدان بنے ہوئے ہیں اور مسجدوں میں نمازیوں کی تعداد بڑھنے کے بجائے کم ہو رہی ہے تو یہ احکامِ الٰہی اور شریعت سے کھلی بغاوت ہے۔

زلزلوں، سیلابوں اور دیگر قدرتی آفات کو صرف معمول کے طبعی حادثات کہہ کر نظر انداز کر دینے میں ہماری ان خود ساختہ بدعتوں اور رسم و رواج کا بھی بہت بڑا ہاتھ ہے جن کے سرور میں ہم مزاروں پر چادریں چڑھا کر اور دیگیں پکوا کر اپنے آپ کو کامیاب گردانتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ فلاں بابا جی اور دھماکے شاہ جی آخرت میں بھی ہماری نیا پار لگوائیں گے۔ جبکہ درحقیقت کامیابی تک کسی ''بہشتی دروازے'' سے نہیں بلکہ صرف اسی دروازے سے گزر کر پہنچا جا سکتا ہے جس پر اللہ لکھا ہوا ہے اور جس سے گزرنے کا طریقہ اور جس تک پہنچنے کا راستہ ہمیں شریعتِ محمدی ﷺ کے ذریعے بتایا جا چکا ہے۔ ارشادِ نبوی ﷺ ہے:

''جو میری سنت پر چلے گا' اللہ تعالیٰ کافروں اور مشرکوں کے دلوں میں اس کی دھاک بٹھا دے گا۔''

آج ہم خود ہی اپنا جائزہ لے لیں کہ بحیثیتِ اُمتِ مسلمہ ہماری کتنی ''دھاک'' مشرک قوموں پر بیٹھی ہوئی ہے! اب وقت آ گیا ہے کہ امتِ مسلمہ گہری نیند سے بیدار ہو جائے اور ایک مسلمان دوسرے کو یاد دلاتا رہے کہ ناپ تول میں کمی' امانت میں خیانت' وعدہ خلافی' بے انصافی' فحاشی' موت سے نفرت اور دنیا کی محبت' جیسے گناہ نہ صرف اللہ کے غضب کو دعوت دیتے ہیں بلکہ عالمِ کفر کو مضبوط بھی کرتے ہیں۔ آج یہود و ہنود و نصاریٰ نے جس طرح ہمارے خلاف محاذ گرم کر رکھا ہے اتنی خطرناک مثال تاریخ میں شاید ڈھونڈے نہ مل سکے۔ کفر کی اس یلغار کا رخ موڑنے کے لئے ہمیں ضرورت ہے بتانِ رنگ وخوں کو توڑ کر ملت میں گم ہو جانے کی۔ اللہ کی وارننگ ہمیں گناہوں کے گلیمر سے نکال کر ہوشیار و بیدار کرنے کے لئے آتی ہے۔ طب کا ایک اہم اصول ہے کہ جسم میں اگر فاسد مادہ موجود ہو تو اس کو سرجری کر کے نکالا جائے اور زخم کو سی دیا جائے وگرنہ دوسری صورت میں جسم میں زہر پھیل جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ یہ قدرتی آفات بھی اسی لئے آتی ہیں کہ ہم شرک و الحاد اور گناہوں کا زہر پھیل جانے سے پہلے ہی اس کا تدارک کر لیں۔ اللہ تعالیٰ ہم پر رحم فرمائے' ہمیں متحد کر کے یک زبان و ہم قدم کرے اور ہم کو صحیح معنوں میں اپنی طرف موڑ دے۔ آمین!

امیر تنظیم اسلامی ڈاکٹر **اسرار احمد** مدظلہ کی تالیف

ایجاد و ابداعِ عالم سے عالمی نظامِ خلافت تک

تنزل اور ارتقاء کے مراحل

☆ حیاتِ ارضی کا ارتقاء ☆ تکمیل تخلیق آدم

☆ عطاءِ خلعت خلافت ☆ رحم مادر میں تخلیق آدم کے مراحل کا اعادہ

جیسے بہت سے اہم موضوعات پر قرآن و سنت کی روشنی میں سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ اس ضمن میں ڈارون تھیوری کے باعث ذہنوں میں اٹھنے والے بہت سے سوالوں کے تسلی بخش جوابات بھی دیئے گئے ہیں۔

قیمت: ۲۴ روپے ☆ عمدہ طباعت ☆ صفحات: ۶۰

ملنے کا پتہ: مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور

اسلام اور رواداری

رواداری بلند درجے کی خصوصیت ہے جو انسان کو اعلیٰ درجے کی تہذیب سے متعارف کراتی ہے۔ مغربی مصنفوں نے مسلمانوں کی تاریخ اور ان کے مذہب پر جو بہتان لگائے ہیں ان میں ایک مسلمانوں کی عدم رواداری ہے جو ایک نہایت ظالمانہ الزام ہے۔ اگر تاریخ عالم کا غور سے مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ظلم و تعصب کس کا شیوہ رہا ہے! کیا اس بات سے کوئی انکار کر سکتا ہے کہ ہسپانیہ' صقلیہ اور اپولیا س میں مسلمانوں کو چن چن کر موت کے گھاٹ اتارا گیا کہ آج وہاں پر اسلام کا کوئی نام لیوا باقی نہیں رہا۔ کیا اس بات کو کوئی جھٹلا سکتا ہے کہ ۱۸۲۱ کی بغاوت میں مسلمانوں کا اس طرح قتل عام ہوا کہ یونان میں ان کا نام و نشان تک باقی نہ رہا اور ان کی عبادت گاہوں کو مسمار کر دیا گیا۔ کیا یہ تاریخی حقیقت غلط ہے کہ بلقان میں مسلمانوں کی اکثریت کو تمام یورپی قوموں کی تائید و حمایت کے ساتھ ایک نہایت وحشت ناک اور بے دردانہ طور پر اقلیت میں بدل دیا گیا۔

خلفائے بنی اُمیہ کے عہد میں ہسپانیہ میں اور خلفائے بنی عباس کے دور میں بغداد میں عیسائیوں اور یہودیوں کو مسلمانوں کے ساتھ سکولوں اور یونیورسٹیوں میں یکجا پڑھنے کی مراعات ہی حاصل نہ تھیں بلکہ ان کے قیام اور طعام کا بندوبست بھی کیا جاتا تھا۔ جبکہ عیسائی کلیسا اٹھارہویں صدی میں خود دو فرقوں میں تقسیم ہو چکا تھا اور ان دونوں فرقوں کے درمیان اختلاف اور دشمنی اس درجہ ترقی کر چکی تھی کہ بقول گبن (Gibban) مشرقی عیسائیوں کو مسلمانوں کی حکومت میں ضمیر و عقیدہ ہی کی نہیں بلکہ مذہبی شعائر کی آزادی بھی حاصل تھی لہٰذا وہ عیسائیوں کے بجائے مسلمانوں کے زیر سایہ رہنے کو ترجیح دیتے تھے۔ کیونکہ ان عیسائیوں کو جو رومن کیتھولک نہ تھے یا تو رومن کیتھولک مذہب قبول کرنے پر مجبور کیا جاتا تھا یا پھر ان کو نیست و نابود کرنے کے منصوبے سوچے جاتے۔

مسلمانوں اور عیسائیوں کے بہترین تعلقات کے لئے حضرت عمرؓ خلیفہ ثانی کے یروشلم میں فاتحانہ داخل ہونے کی داستان ہزاروں بار بیان کی جاتی ہے۔ اس مثال سے واضح ہو جاتا ہے کہ مسلمانوں کے غیر مسلموں کے ساتھ تعلقات کیسے تھے۔ یروشلم کے مسلمان سپہ سالار نے خلیفۃ المسلمین سے بہ نفس نفیس تشریف لاکر مقدس شہر کی کنجیاں خود وصول فرمانے کی درخواست کی تو حضرت عمرؓ مدینہ منورہ سے ایک اونٹ اور ایک غلام ساتھ لے کر روانہ ہوئے۔ آقا اور غلام باری باری اونٹ پر سوار ہوتے تھے۔ جب حضرت عمرؓ سوار ہوتے تو غلام نکیل تھامے پیدل چلتا اور جب غلام کی سوار ہونے کی باری آتی تو خلیفۃ المسلمین مہار پکڑ کر چلتے۔ روما کے منصب داروں نے جن کی آنکھوں نے شاہانہ شان و شوکت اور کر و فر دیکھا تھا' جب عالم اسلام کے فقیر شہنشاہ کے سادہ ورود کو دیکھا تو محو حیرت ہو گئے۔ وہ اسلام کے خلیفہ کو اپنے شہر کے فخر زمانہ اور مشہور ترین گرجے میں لے گئے۔ حضرت عمرؓ ابھی گرجے ہی میں تشریف فرما تھے کہ عصر

محمد مارمیڈیوک پکھتال

کی نماز کا وقت ہو گیا۔ عیسائیوں نے گرجے میں مصلیٰ بچھا کر نماز پڑھنے کے لئے اصرار کیا۔ مگر حضرت عمرؓ نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ اس جگہ نماز پڑھنے سے یہ احتمال ہو سکتا ہے کہ نادان مسلمان کسی وقت اس گرجے کو صرف اس بنا پر مسجد نہ بنا لیں کہ ان کے خلیفہ نے یہاں نماز پڑھی تھی۔ حضرت عمرؓ نے اپنی جائے نماز گرجا کے باہر سیڑھیوں پر بچھا کر نماز پڑھی۔ اس دن سے آج تک یہ گرجا عیسائیوں کی عبادت گاہ ہے۔

بیت اللحم میں بڑے گرجے اور دیگر مُقدس عبادت گاہوں میں بھی ایسا ہی انتظام اور التزام ہے۔ خلیفہ ہارون الرشید اور بنی امیہ کے دور میں جب تک مسلمان ہسپانیہ میں حکمران تھے' اہلِ کتاب کے ساتھ یہ سلوک اسی طرح قائم رہا۔ اس زمانے میں مسلمان اور عیسائیوں کے مشترکہ عبادت گاہ میں عبادت کرنے کا بھی عام رواج تھا۔ شام میں اب بھی کئی عبادت گاہیں ایسی ہیں جن کے متعلق مشہور ہے کہ مشترکہ طور پر استعمال ہوتی ہیں۔ مسلمانوں نے عیسائیوں پر کبھی کسی طرح کا جبر روا نہیں رکھا بلکہ ان سے نہایت شریفانہ سلوک کیا جاتا رہا۔ مگر تاریخ اسلام کے ایک نہایت مختصر وقفے میں مسلمان اس سے منحرف ضرور ہوئے۔ مصر کے بنی فاطمہ (فاطمی) نے جب تھوڑے زمانے کے لئے شام کو اپنے زیر نگیں کر لیا تھا تو اس دیوانے خلیفہ حاکم بامر اللہ نے ان پر ظلم و زیادتی کا دروازہ کھول دیا تھا۔ ان کے زائرین کو روکا جاتا اور یوں گرجے میں کچھ مدت کے لئے عبادت میں ضرور خلل پڑا۔ یورپ کے زائرین نے اس مذہبی سزا کی داستان کو بڑھا چڑھا کر اور مزے لے لے کر لکھا اور یہی مبالغہ پہلی صلیبی جنگ کی وجہ بنا۔ جب عیسائی فوجیں شام تک پہنچ گئیں تو اس وقت بنو فاطمہ کا شام سے اخراج ہو چکا تھا اور اس وقت کے عیسائی پہلی سی آزادی اور آسائش حاصل کر چکے تھے۔ البتہ جب صلیبی جنگوں میں مسلمانوں نے یروشلم کو ختم کیا اور صلیبی فوجوں نے مسلمانوں کے ساتھ ساتھ مشرقی عیسائیوں کو بھی قتل کیا تو وہ مشرقی عیسائی جو وہاں مقیم رہے اور جنہوں نے مسلمانوں کے ساتھ ہجرت نہیں کی ان کو صلیبی فوجوں کے دور میں نیچ اور کم ذات سمجھا جاتا رہا۔ ان سے وہ تمام امتیازات بھی یکسر چھین لئے گئے جو اسلامی حکومت میں ان کو میسر تھے۔ چنانچہ اپنی زندگی سنوارنے کی غرض سے ان میں سے کئی رومن کیتھولک بن گئے لیکن جب مسلمانوں کا دوبارہ شام پر قبضہ ہو گیا تو وہ سب مہاجر عیسائی واپس وطن آ گئے اور اس طرح مشرقی عیسائیوں کو ان عیسائیوں کے مقابلے میں جو پاپائے اعظم کے زیر اثر تھے بڑی اکثریت حاصل ہو گئی۔ یوں پرانا اسلامی نظام پھر بحال ہو گیا اور تمام ذمیوں کو وہ تمام حقوق حاصل ہو گئے جو اسلامی شریعت کی رو سے ان کو ملنا چاہئیں تھے۔

اٹھارہویں صدی کی ابتدا تک مسلمانوں کی طرف سے اپنی عیسائی رعایا پر بعض معاشرتی قیود عائد رہیں۔ لیکن ان پابندیوں کی ان روح فرسا پابندیوں کے سامنے کوئی حقیقت نہیں جو اسی زمانے میں عیسائی امراء نے رومن کیتھولک عیسائیوں پر روا رکھی تھیں۔ لیکن دوسری طرف آئر لینڈ کے رومن کیتھولک عیسائیوں نے جو مظالم پروٹسٹنٹ فرقے پر ڈھائے ان کی حیثیت بھی ان مظالم کے مقابلے میں ہیچ تھیں جو عیسائی امراء رومن کیتھولک رعایا پر ڈھا رہے تھے۔ مسلمانوں کی پابندیوں کا اثر تو صرف امیر لوگوں پر تھا' غریب مسلمان اور غریب عیسائی تو اس دور میں بھی ایک دوسرے کے دلی دوست اور نیک ہمسائے تھے اور ہر طرح کی مساوات قائم تھی۔ مسلمانوں نے عیسائیوں کی مذہبی آزادی میں کبھی خلل نہیں ڈالا۔ مسلمان حکومت میں ان کے لئے مذہبی سزائیں یا سمتھ لینڈ کی آگ کی طرح کی کوئی چیز نہ تھی۔ عیسائیوں کے وہ چھوٹے چھوٹے فرقے جن کو بڑے فرقے والے لا دین اور لامذہب کہتے تھے اور جن کو اگر بڑے فرقوں کے رحم و کرم پر چھوڑا جاتا تو ان کا نام و نشان تک مٹ چکا ہوتا' اسلام کے زیر سایہ امن اور آزادی کی زندگی بسر کرتے تھے۔ عیسائیوں کی لاتعداد مذہبی خانقاہوں کو جن کے خزانوں کی ملکیت کا اندازہ کروڑوں پونڈ سے بھی زائد تھا' حضور سرکار دو عالم ﷺ کے منشورِ آزادی کی بدولت

(باقی صفحہ ۹ پر)

شہادت کا انتظار

فلسطین میں جو کچھ ہو رہا ہے' اسے کیا نام دیا جائے؟ بے شمار جہتیں اور لاتعداد زاویے رکھنے والے اس سانحے کی بنیاد میں وہی بغض' وہی عداوت' وہی نفرت' وہی عناد اور وہی کدورت کارفرما ہے جسے تہذیبوں کی کشمکش کا نام دیا جاتا ہے اور کبھی نظریاتی تصادم کا۔ دوہرے معیار اور دوغلے کردار کے مکروہ جال میں جکڑی ہوئی غیر مسلم دنیا امریکہ کی قیادت میں اقوام متحدہ کی معاونت کے ساتھ ایک خوں آشام کھیل میں مصروف ہے۔ رملہ کی کہانی تورابورا کی داستان کا ذرا بدلا ہوا اسلوب ہے جہاں فلسطینی اتھارٹی کے صدر یاسر عرفات محصور ہو چکے ہیں۔ شہر کو فوجی زون قرار دے دیا گیا ہے۔ ریڈیو اور ٹیلی ویژن سٹیشن پر اسرائیل قابض ہے۔ ٹینک اور بکتر بند گاڑیاں یاسر عرفات کے ہیڈ کوارٹرز کو روند رہی ہیں' آنسو گیس کی مسلسل شیلنگ ہو رہی ہے' عمارت کی بجلی اور پانی بند ہے۔ باہر کی دنیا سے رابطے منقطع ہیں۔ کرفیو زدہ شہر دھماکوں سے گونج رہا ہے۔ گھر گھر تلاشی لی جا رہی ہے۔ سولہ سے چالیس سال تک کی عمر کے تمام لوگ گرفتار کئے جا چکے ہیں۔ ایک عمارت میں پناہ لینے والے سکیورٹی کے تیس اہلکاروں کو ذبح کر دیا گیا۔ نابلوس اور دیگر مقبوضہ شہروں میں بھی قتلِ عام جاری ہے۔

بتایا جاتا ہے کہ اسرائیلی فوج یاسر عرفات کے کمروں تک پہنچ گئی ہے اور حفاظتی دستوں سے اس کی جھڑپیں ہو رہی ہیں۔ اسرائیلیوں نے دروازے توڑ کر یاسر عرفات کے کمرے میں داخل ہونے کی کوشش کی۔ اسرائیلی حکومت کا کہنا ہے کہ اس کا مقصد یاسر عرفات کو ہلاک کرنا نہیں' صرف ''ہتھیار'' ڈالنے پر مجبور کرنا ہے۔ حالات پر نظر رکھنے والوں کا خیال ہے کہ اسرائیل نے حتمی طور پر طے کر لیا ہے کہ یاسر عرفات کو ماتھا رگڑنے اور کلغی جھکانے پر مجبور کر دیا جائے اور اپنی عسکری برتری کی دھاک بٹھانے کے بعد اپنی مرضی کا حل مسلط کر دیا جائے۔ دو کمروں میں اسیر یاسر عرفات نے اپنے کپکپاتے ہاتھوں میں پستول لہراتے ہوئے کہا کہ ''جو لوگ میرے ہتھیار ڈالنے کے انتظار میں ہیں' وہ یاسر عرفات کو نہیں جانتے۔ میں مر جاؤں گا لیکن ہتھیار نہیں ڈالوں گا''۔ ادھر یہ خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ کسی بھی لمحے کوئی آوارہ گولی یاسر عرفات کے سینے میں اتر سکتی ہے۔ اسے خودکشی یا اس سے ملتا جلتا کوئی اور ڈرامہ قرار دیا جا سکتا ہے۔

کابل' قندھار اور سری نگر سے رملہ تک پھیلی خون میں لت پت در و دیوار کی یہ خونچکاں حکایت جانے کب ختم ہو

عرفان صدیقی

گی۔ اس حکایت سے بھی زیادہ بڑا المیہ یہ ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لئے عالمی کولیشن کی امامت کرنے والا امریکہ معتبر ہے اور ادنیٰ ترین معیارِ انسانیت سے بھی گرا ہوا کردار و عمل رکھنے کے باوجود پیشوائے تہذیب و مبلغ اخلاقیات بنا بیٹھا ہے۔ اس کا ٹیلی فون افلاک کی بلندیوں سے اترنے والے پیغام کی طرح مقدس' اس کا بلاوا آرزوئے وصل کی معراج' اس کا مصافحہ خوش بختی کا نقطۂ کمال اور اس کے دسترخوان کا نوالہ جنت کے میووں سے لذیذ تر ہے۔ امریکہ کی پسلی سے پیدا ہونے اور اس کی آغوش میں پروان چڑھنے والے اسرائیل نے سفاکی اور بربریت کا بازار گرم رکھا ہے جس کی نظیر امریکہ اور بھارت جیسی ''عظیم جمہوریتوں'' کے سوا کہیں اور نہیں ملتی۔ ایریل شیرون کے ہاتھوں سے ابھی تک صابرہ اور شتیلہ کے شہیدوں کا لہو ٹپک رہا ہے۔ اس کی مسلمہ دہشت گردی کی شرمناک کہانیاں دنیا بھر کے پریس کی زینت بنتی رہتی ہیں۔ مظلوموں کا لہو کھولتا ہے اور جب گلاب جیسے چہروں والی معصوم بچیاں اپنے پھول جیسے جسموں کے ساتھ بم باندھ کر ظالم سے انتقام لیتی ہیں تو اسے ''دہشت گردی'' کا نام دیا جاتا ہے۔ جارج بش کہتا ہے کہ ''ابھی یاسر عرفات کو اور بہت کچھ کرنا ہے۔ اسرائیل اپنی سلامتی کے لئے جو کچھ کر رہا ہے اس میں وہ پوری طرح حق بجانب ہے''۔ کولن پاول برہنہ جارحیت اور عریاں دہشت گردی کی وارداتوں کی مذمت سے انکار کر دیتا ہے اور تسلی دیتا ہے کہ ''اسرائیل یاسر عرفات کو قتل نہیں کرے گا''۔ اقوام متحدہ' امریکہ کی خوابگاہوں کی جاروب کشی کرنے والی کنیز بن چکی ہے اور

****

مسلم کش فسادات پر پوری دنیا کی خاموشی

بھارت میں مسلم کش فسادات کی لہر گجرات کے بعد مہاراشٹر تک پھیل گئی ہے۔ دونوں صوبوں میں متعدد تازہ ترین وارداتوں میں ہندو بلوائیوں نے کم از کم گیارہ مسلمانوں کو شہید کر دیا جبکہ ایک مسجد کو نقصان پہنچایا۔ ناگپور کے ایک قصبے میں چار مسلمانوں کو چھرا گھونپ کر شہید کر دیا گیا اور ۱۵ زخمی کر دیئے گئے۔ گجرات اور مہاراشٹر کے شہروں' قصبوں اور دیہاتوں میں مسلم املاک کو نذرِ آتش کرنے کا سلسلہ بھی برابر جاری ہے۔

بھارت میں مسلم کش فسادات کا سلسلہ شروع ہوئے اب اتنا عرصہ گزر چکا ہے کہ دنیا یہ آسانی سے باور کر سکتی ہے کہ بھارتی حکومت مسلمانوں کے خون کی اس بھیانک ہولی پر خوش ہی نہیں' ایک طرح سے اس میں شامل بھی ہے۔ جو حکومت ۱۰ لاکھ فوج سرحدوں پر الرٹ رکھ سکتی ہے وہ مسلم کش فسادات میں ملوث انتہا پسند ہندو بلوائیوں کو قابو کیسے نہیں کر سکتی؟ افسوسناک بات تو یہ ہے کہ مسلم دنیا کے تمام ممالک اور امریکہ سمیت دنیا بھر میں دہشت گردی کے خلاف صف آراء اس کے اتحادی بھی بھارت کے مظلوم و کسمپرس مسلمانوں کے قتلِ عام پر خاموش ہیں' حالانکہ یہ دہشت گردی کی بدترین شکل ہے۔ اسی طرح جس کثرت اور تیزی سے مسلمانوں کی مساجد کو مسمار کیا جا رہا ہے وہ بھی ایک جمہوریت کے دعوے دار ملک میں دہشت گردی کی واضح مثال ہے۔ مسلم امہ کی بے حمیتی اور غفلت کا تو یہ عالم ہے کہ اسلامی ملک سینیگال نے بھارت کی حمایت کا اعلان کیا ہے جبکہ کئی اسلامی ملکوں کے بھارت کے ساتھ تجارتی' ثقافتی اور دیگر خوشگوار روابط قائم ہیں اور وہ اپنے تعلق کی بنیاد پر بھی گجرات اور اب دوسرے صوبوں میں جاری مسلم کشی کی وارداتوں پر ایک لفظ تک کہنے کے روادار نہیں۔ جب اپنوں کا یہ عالم ہے تو یہود و ہنود اور نصاریٰ سے کیا شکوہ!

بھارت کو جو ایک سیکولر اور دنیا کی بڑی جمہوریت ہونے کا دعوے دار ہے' اپنے وجود کی بقا کے لئے ہی اپنے ہاں موجود سب سے بڑی اقلیت کو تحفظ دینا چاہئے اور محض انتہا پسندی کی عارضی سیاست بازی کو ترک کر کے بھارت میں رہنے والے ہر دین دھرم کے طبقے کی جان' مال اور آبرو کی حفاظت کرنی چاہئے۔ اقوام متحدہ جس کی شہرت ہی امریکی مفادات کا تحفظ دینا ہو گیا ہے' اسے اب دنیا بھر اور بالخصوص بھارت کے مظلوم مسلمانوں کے حق میں بھی آواز اٹھانی چاہئے۔ بھارت کے انتہا پسند ہندو بلوائی اور ان کے نعرے پر قائم بی جے پی حکومت صرف اس لئے اپنے ہاں مسلم کشی کے مسلسل واقعات کو ہونے دے رہی ہے کہ پوری دنیا اور بالخصوص اسلامی دنیا سے کوئی بھی آواز انہیں روکنے کے لئے بلند نہیں ہوئی۔ اگر بے لگام طاغوتی قوتیں اسی طرح خونِ مسلم سے روئے زمین کو رنگین بناتی رہیں تو مسلم امہ کا انجام کیا ہو گا' اس کا اندازہ ابھی سے کر لینا چاہئے۔ فاعتبروا یاولی الابصار

(روزنامہ نوائے وقت ۴ اپریل ۲۰۰۲ء کا ادارتی شذرہ)

رقص ابلیسی دیکھتے ہوئے بھی اس کا چارٹر جھرجھری تک نہیں لیتا۔ عرب لیگ پرسا دے کر گھر چلی گئی' اسلامی کانفرنس جائزہ لے رہی ہے۔ پاکستان' جو کبھی مسلم مفادات کے ہر اوّل دستے کا سالار تھا' اب وہ "مردِ بیمار" کی طرح اپنے آزار میں مبتلا' اپنی چوٹیں سہلا رہا ہے۔

یاسر عرفات نے کیا کچھ نہیں کیا؟ امریکہ کی دلداری اور اسرائیل کے خیرخواہوں کی خوشنودی کے لئے کیسے کیسے معاہدوں پر دستخط کئے' کیسی کیسی پسپائی قبول کی' کیسی کیسی مفاہمتوں اور مصلحتوں سے سمجھوتہ کیا لیکن لاحاصلی کے اس لمبے سفر کا انجام یہ ہے کہ وہ توپوں کی گھن گرج سے لرزتے دو کمروں میں بند' شہادت کا انتظار کر رہے ہیں۔

شہادت کے انتظار سے میرا دھیان پھر قندھار کے مردِ جری کی طرف نکل گیا جس کا نام ملا محمد عمر ہے۔ میں سوچتا ہوں کہ اگر وہ بھی ہماری نصیحتیں مان کر مفاہمتوں' مصلحتوں' معاہدوں' مصافحوں' معانقوں' ملاقاتوں اور مداراتوں کی راہ پر چل پڑتا تو کیا ہوتا؟ یقیناً ایک نہ ایک دن وہ شہادت کی منزلِ مراد تک پہنچ جاتا۔ ہاں یہ ممکن ہے اس کا عرصہ حیات کچھ طویل ہو جاتا' وہ کچھ وقت کے لئے کابل کی اتھارٹی کا صدر بن جاتا لیکن امریکہ کی کرسیٔ صدارت پر بیٹھا کوئی "بش" مسلسل یہی کہتا رہتا "ابھی ملا عمر کو اور بہت کچھ کرنا ہے" اور پھر کسی دن ملا عمر کا اقتدار قندھار کے تنگ و تاریک حجرے تک محدود ہو جاتا اور وہ انہونی کو سامنے کی دیوار پر لکھا دیکھ کر کہتا "میں شہید ہونے کے لئے تیار ہوں"۔

بہت کچھ کرنے والوں کو بھی' کچھ نہ کرنے والے نافرمان لوگوں کے انجام سے ہی دوچار ہونا پڑتا ہے۔ ازل سے ابد تک کی وسعتوں پر محیط معرکۂ پیہم کا یہی سبق ہے۔ کچھ کرنے والوں پر' اور بہت کچھ کرنے والوں کے تازیانے برستے رہتے ہیں۔ کچھ نہ کرنے اور ظالم کی رعونت کا تمسخر اڑانے والے ان تازیانوں کے آزار سے محفوظ رہتے ہیں۔ شہادت تو آنی ہی ہے! (بشکریہ نوائے وقت)

سلامتی کونسل کی قرارداد سے اسرائیل کی بغاوت

